المنار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ

(قرآن کریم سورہ اعراف)

المنار

تعلیم الاسلام کالج۔ ربوہ

نگران

شیخ محبوب عالم خالد ایم۔ اے

ادارۂ تحریر

لطف الرحمٰن محمود

مہر اللہ یار

سلیم اختر صدیقی

جلد ۸ — مارچ، اپریل ۱۹۵۹ء — شمارہ ۵، ۶

حُسنِ ترتیب

مستقل کالم:۔

بر سبیل تذکرہ .. .. مدیر
نقد و نظر .. .. سیلانی
پہچانئے تو؟ .. .. لطف الرحمٰن محمود

تبرکات :۔

لَاشَکَّ اَنَّ مُحَمَّدًا خَیْرُ الْوَرٰی .. .. حضرت بانیٔ جماعتِ احمدیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

مقالات و مضامین:۔

تصوف کیا ہے؟ .. .. قریشی ضیاء الحق
ثقافتِ اسلامیہ؟ .. .. سلیم اختر صدیقی
مرزا فرحت اللہ بیگ کا اسلوب بیان .. .. .. مہر اللہ یار
پنجابی زبان کا ایک قادر الکلام شاعر .. .. منظور احمد شاکر

نظمیں و غزلیں:۔

عبدالسلام اختر ایم۔اے
سمیع اللہ ایم۔اے
محمد ہادی مونس
لطف الرحمٰن محمود
منظور احمد شاکر
محمد اکرام خان

افسانوی ادب:۔

سیاہ حلقے .. .. اختر وہاب طلعت

متفرقات :۔

.. ..

پرنٹر پبلشر: جمشید ہاشمی + مطبع: ضیاء الاسلام ربوہ

برسبیلِ تذکرہ

● جس طرح موسمِ خزاں کے بے رحم تھپیڑوں سے کسی لالہ زار کے دامن میں رعنائی کے جھلکتے ہوئے پھول کمہلا جاتے ہیں اسی طرح موسم امتحان کے افسردہ دَور میں خشک اضطراب کی سرد لہروں سے کالج کے جریدہ کی رگوں میں ادبی زندگی کا کھولتا ہوا مصفا خون ٹھٹھر جاتا ہے ——— فروری کے شمارہ کے بعد "المنار" کو بھی تقریباً اسی قسم کے بحران سے دوچار ہونا پڑا۔ مگر نامساعد حالات کے باوجود ہم تازہ شمارہ پیش کرنے کی جرأت کر رہے ہیں۔ اگر آپ کی نگاہِ ملاطفت نے پسند کیا تو ہم سمجھیں گے کہ ہماری حقیر کوششیں رائیگاں نہیں گئیں!

● "تصوف کیا ہے؟" کے عنوان سے ایک مختصر مگر جامع تحقیقی مقالہ شریکِ اشاعت ہے۔ موجودہ نظامِ تعلیم کے ہاتھوں مجبور طالب علم کے لئے ایک محدود وقت میں تینوں اجزاء کو یکجا کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ المنار مسرت کے ساتھ ——— ضیاء الحق قریشی سے پہلی مرتبہ قارئین کو متعارف کرا رہا ہے ع

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

● شاکر صاحب اِس مرتبہ "پنجابی زبان کے ایک قادر الکلام شاعر" کا تعارف کرا رہے ہیں۔ آپ نے اِس موضوع پر قلم اٹھا کر المنار کی اُس خامی کا تدارک کیا ہے جسے علاقائی ادب کی نمائندگی کے سلسلہ میں عرصۂ دراز سے محسوس کیا جا رہا تھا!

● استاد اور شاگرد جس پاکیزہ رشتے میں منسلک ہیں اس کی تقدیس اور عظمت سے آپ بخوبی واقف ہیں۔ مگر دن بدن نئی روشنی کی برقِ بے زمام ان مقدس اقدار کی نازک کونپلوں کو بھسم کر رہی ہے۔ طلبہ کو اساتذہ سے اور قریب کر کے اُن کے دلوں میں اپنے محبوب کرمفرماؤں کے لئے محبت و عقیدت کے جذبات کے پاک شعلوں کو فروزاں کرنے کے لئے ایک نئے کالم "پہچانئے تو؟" کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اِس کالم میں شفیق اساتذہ کی پُرکشش شخصیات کی عقیدت مندانہ انداز سے نقاب کشائی کی جائے گی۔

ہمیں اُمید ہے کہ اِس نیک مقصد کی افادیت سے آگاہ طلبہ ہماری معاونت بہم پہنچائیں گے ——— (مدیر)

"سیلانی"

نقد و نظر

سالانہ مباحثے سالانہ مباحثوں کے دن بھی خوب ہوتے ہیں۔ ان دنوں عہدیدار حضرات طالبعلموں سے اُس منت و سماجت کا انتقام لیتے ہیں جو انہیں الیکشن کے وقت کرنا پڑتی ہے۔ ان حضرات کو شدید مصروفیت کا کچھ اس قسم کا دورہ پڑتا ہے کہ دماغ فلک سے پرے حدود لامکاں میں جا اٹکتا ہے ؎

تصور عرش پر ہے اور سر ہے پائے ساقی پر

سیلانی بھی ازراہِ تفنن مباحثے سے کچھ دیر پہلے ایک عدد "ویزا" "مانگ بیٹھا" "آ بیل مجھے مار" والی بات ہوئی۔ پہلے تو ان حضرت نے سیلانی کا سرتاپا جائزہ لیا پھر غصے سے بولے —— پہلے کیا سوئے ہوئے تھے۔ اسسٹنٹ سیکرٹری کے پاس جائیے۔ دیکھیئے میں کتنا مصروف ہوں ——"

اسسٹنٹ سیکرٹری صاحب بڑی نرم طبیعت کے مالک ہیں۔ انہوں نے بڑی سادگی سے حاتم کی قبر پر لات ماری تھی مگر لات کی لات سے قبر کا کچھ نہ بگڑا۔ کیونکہ ان کے جاری کردہ تمام ٹکٹ منسوخ کر دیئے گئے تھے اسلئے سیلانی ان کے پاس تو نہ گیا بلکہ جھاڑ کھانے کے بعد زیر لب مسکراتا ہوا سیدھا ہال میں داخل ہوا۔ ہال کے سجانے میں واقعی بڑا سلیقہ برتا گیا تھا۔ دونوں اطراف ڈائس پر بڑے بڑے روشن بلب تھے تاکہ تقریر کے ساتھ ساتھ مقرر کے "خدوخال" سے بھی اچھی طرح واقفیت ہوتی جائے۔ صاحب صدر کے کرسیٔ صدارت پر جلوہ افروز ہونے کے بعد قائد ایوان جناب ابوبکر نے انگریزی مباحثے کا آغاز کیا۔ قائد حزب اختلاف جناب اجمل غوری تھے۔ تقریروں کو تو آپ نے شاید سیلانی کی نسبت زیادہ غور اور توجہ سے سُنا ہوگا۔ مباحثے کا معیار گزشتہ سالوں کی نسبت بہتر رہا۔ کل بارہ کالجوں کے چوبیس مقررین نے حصّہ لیا۔ ٹرافی لاء کالج کے حصّہ میں آئی۔ دوسری رات اُردو کا مباحثہ ہوا۔ یہ انگریزی مباحثہ سے بھی زیادہ کامیاب تھا۔ سیلانی کا خیال ہے کہ اِس ہال کی اسٹیج پر اتنے زیادہ مقرر کسی ایک مباحثے میں کبھی نہیں بولے۔ یوں تو بولنے والوں کی تعداد چالیس کے لگ بھگ تھی مگر تقاریر کا معیار گزشتہ سال کی نسبت پست تھا۔ سیلانی گزشتہ چند سال سے محسوس کر رہا ہے کہ رفتہ رفتہ مباحثوں میں تقاریر کا معیار گرتا جا رہا ہے۔ ٹرافی ایس۔ای کالج بہاولپور کے حصّہ میں آئی۔

اللہ قسم! ناانصافی ہوگی اگر سیلانی "مددگار کارکنوں" کا ذکر خیر نہ کرے۔ جس طرح سطح ارض پر اندرونی اور بیرونی کارکن تبدیلیاں لاتے ہیں اسی طرح ہال میں تغیر و تبدل کرنے کرانے والوں کو "مددگار کارکن" کہا جاتا ہے۔ یہ حضرات جن کا "عہدِ حکومت" صرف چھ سات گھنٹے ہوتا ہے، ایک آدھ استثنا مصیبت ہوتے ہیں مگر ان کا وجود نہ ہو تو ہال میں اتنا شور و شر اُٹھے کہ چھت اُوپر بھی اُڑ جائے۔ مگر کبھی آپ نے یہ بھی سوچا ہے کہ ہال میں جتنا شور و غوغا ہوتا ہے اُس میں پچاس فیصدی ان بزرگوں کا بھی حصّہ ہوتا ہے۔ بلکہ خاموش کرانے والوں کا شر زیادہ ہوتا ہے! اردو زبان کے خلاف اُردو زبان میں ہی تقریر کرنے والوں پر خوب لے دے ہوتی رہی ہے مگر شور کو روکنے کے لئے شور کرنے والوں سے کوئی نہیں پوچھتا۔ یہ حضرات کچھ سختیاں کر کے ببول کے پیڑ بھی بوتے ہیں۔ مباحثوں کے اختتام کے ساتھ ہی ان کے بخت اُڑ جاتے ہیں اگر آپ میں کسی "مردِ مجاہد" کا دل گردہ اتنا ہے کہ وہ دو تین سال فیل ہو سکے —— تو پھر سمجھنا چاہیئے کہ اس کے بھی "مددگار کارکن" بننے کے امکانات روشن ہیں!

ادبی نشستیں صحافت کے سالک راہ حضرت مولانا سالک

ایک مرتبہ کالج کے کسی مشاعرے کی صدارت کے لئے تشریف لائے۔ یہاں کی ادبی سرگرمیوں کا تذکرہ کرکے فرمانے لگے ؎

"تڑپ رہے مُرغِ قبلہ نما آشیانے میں"

اربابِ بست وکشاد پر کچھ ایسا اثر ہوا ہے کہ اب روایت کو برقرار رکھنے کے لئے پوری پوری کوشش کرتے ہیں۔ جنابِ خالد اس معاملے میں پیش پیش ہیں۔ ملک کے بلند پایہ شاعروں اور مایہ ناز ادیبوں کو بلاتے رہتے ہیں۔ اور غالباً یہی وجہ ہے کہ آپ کا آدھ بھی اسی رنگ میں رنگین ہوتا جا رہا ہے۔ یوں تو ادبی جلسوں کا انعقاد ہوتا ہی رہتا ہے مگر سیلانی صرف ایک دو کا تذکرہ کرتا ہے ـــــ

ایک ادبی نشست کے روحِ رواں مولانا صلاح الدین احمد تھے اور دوسرے جلسے کا باعث لاہور کے متعدد شعراء اور ادباء کی تشریف آوری تھی۔ ادبی دنیا کے مدیر مولانا صلاح الدین احمد سے کون واقف نہیں۔ آپ کے ہمراہ ڈاکٹر وزیر آغا بھی تشریف لائے۔ اسٹیج پر مسندِ صدارت پیش کی گئی لیکن آپ نے ساتھ والی کرسی کو ہی ترجیح دی۔ جنابِ خالد نے مولانا صاحب کا کچھ اس تیکھے انداز سے تعارف کرایا کہ سیلانی تو سیلانی ہی ہے صوفی صاحب بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ مولانا جناب آزاد کی نثری کیفیات پر روشنی ڈالنے کے لئے جب اُٹھے تو معلوم ہوا کہ عینک اپنی بھی لاہور ہی میں چھوڑ آئے ہیں۔ عقیدتمندوں نے عینکیں پیش کیں لیکن آپ نے برقی روشنی کو ہی کافی سمجھا۔ سیلانی کی کیا مجال کہ اس بصیرت افروز مقالے پر تبصرہ کرے لیکن مقالے کی کامیابی کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ سیلانی ایسے بدذوق بھی آخر تک مقالے کو بڑی دلچسپی سے سُنتے رہے۔

جس اجتماع میں مولانا تنویر موجود ہوں وہاں ضرور شاعری کا دَور گرم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ حسبِ معمول مولانا سے کلام سنانے کی فرمائش کی گئی۔ مولانا کی "سنت" ہے کہ حفظِ ماتقدم کے طور پر پوری طرح لیس ہو کر آتے ہیں۔ چنانچہ مقالے کے بعد سامعین کو مولانا تنویر کی پھڑکتی ہوئی غزل سُننے کا بھی شرف حاصل ہوا۔

دوسری نشست کی صدارت کے فرائض ڈاکٹر وزیر آغا صاحب نے ادا کئے۔ ڈاکٹر عبادت بریلوی چوٹی کے نقادوں کی صفِ اوّل میں شامل ہیں۔ آپ نے "اُردو کے ادبی رسائل" کے موضوع پر تقریر کی جس میں سر سید مرحوم کے زمانہ سے لیکر موجودہ زمانے تک کے ادبی رسائل کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ آپ نے اس افسوسناک حقیقت کا بڑے رنج و الم سے اعتراف کیا کہ چند سال سے وہ شاندار ماحول ختم ہو رہا ہے۔ آپ کے نزدیک لوگوں کے ذوق کی پستی، ـــــ نظامِ تعلیم کی خرابی، ـــــ ذہنی تن آسانی، ـــــ اور نمود و نمائش کے رجحانات کی افزائش وغیرہ نے مل کر اس عدیم النظیر ادبی ماحول کو تنزل و انحطاط کے گڑھے میں دھکیلا ہے۔ مگر آپ اس دَورِ زبوں سے مایوس نہیں۔ آپ کو یقین ہے کہ حالات کی تبدیلی کے ساتھ اس جمود کا طلسم ٹوٹ جائے گا کیونکہ ؎

تیرہ شبی دلیلِ نمودِ سحر بھی ہے

جناب حبیب اشعر، مسیح الملک حکیم اجمل خان مرحوم کے نواسے ہیں۔ آتی دفعہ تو بیمار ہو گئے تھے مگر جاتی دفعہ اہلِ ربوہ کی دُعا سے اچھے ہو گئے۔ ناسازیٔ طبع آڑے آئی ورنہ پروگرام کے مطابق انہیں بھی اپنا افسانہ سُنانا تھا۔ "بھاگتے ادیب کی غزل ہی سہی" ـــــ اسی خیال کے تحت ان کی ایک کیفِ آور غزل بطور تبرک ریکارڈ کر لی گئی ہے۔

احسان دانش صاحب پاکستان کے مشہور شعراء میں سے ہیں۔ ایک دفعہ پہلے بھی ربوہ آئے تھے اور متاثر ہو کر ایک نظم بھی تحریر فرمائی تھی۔ قریبی حلقوں کا کہنا ہے کہ آتی اور جاتی دفعہ اسی نظم کے اشعار گنگنا رہے تھے۔ آپ نے بھی اپنا بلند پایہ کلام سُنا کر حاضرین کو محظوظ فرمایا (سیلانی کو پتہ چلا ہے کہ عہدِ شباب (۱۹۳۴ء) میں جو رنگ آپ کا

گورنمنٹ کالج کے مشاعروں میں احباب نے دیکھا ہے وہ اب نہیں رہا۔ وہ ترنم اور آواز کی کشش اب باقی نہیں۔ ع
جوانی جا چکی لیکن غزل خوانی نہیں جاتی

جس نے "نقوش" کا سُنا ہے وہ ضرور طفیل صاحب سے واقف ہو گا۔ یہی طفیل صاحب ریوہ آئے تھے۔ آپ نے اپنا اُردو کلام اس تیکھے انداز سے سُنایا کہ سامعین پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔ مگر خالد صاحب "چند کلیوں پر قناعت" کرنے والے نہیں۔ چنانچہ "علاجِ تنگیٔ داماں" کے لئے طفیل صاحب کے ہندی دوہے ریکارڈ کر لئے گئے ہیں ـــــ طفیل صاحب نقوش کے دفتر میں بیٹھے ہوتے ہیں اور ادھر ہم "تنگی داماں" کا علاج کرتے رہتے ہیں !!

جناب عبدالسلام اختر نے بھی غزل سُنانے کی کوشش کی مگر عقیدت مندوں نے تحسین و آفرین کے ڈونگرے اتنے برسائے کہ کلام کانوں کی بجائے دل سے نکل کر سیدھا دل میں ہی جانے لگا۔ جناب اختر سے ایسے اظہارِ عقیدت کے عالم میں سیلانی خسارے میں رہتا ہے کیونکہ کوئی شعر پلے نہیں پڑتا ـــــ آئندہ آپ کے کلام کو ریکارڈ کر کے سُنانا زیادہ موزوں ہو گا !!

سائنس سوسائٹی

دونوں "خان" حضرات امسال پاکستان سائنس کانفرنس میں کالج کی نمائندگی کے لئے تشریف لے گئے۔ محترم نصیر احمد خان تو آتے ہی مباحثوں میں مصروف ہو گئے۔ مگر حبیب اللہ خان صاحب جب واپس لوٹے تو تیور بدلے ہوئے تھے۔ سیلانی سہم سا گیا کہ خیر ہی ہو کوئی راکٹ نہ اُڑا کر آئے ہوں۔ ہمت کر کے جب کانفرنس کے متعلق دریافت کیا تو بڑی مایوسی سے جواب دیا کہ ہمارے سائنسدان بیرونی سائنسدانوں کے سامنے اس طرح لگتے ہیں جیسے گریجویٹ کے سامنے طفل مکتب! ـــــ اس تمثیل کے بعد محنت کرنے اور سائنسدان بننے کی تلقین کی۔

اس سے پہلے بھی یہی شکوہ کرتے رہتے تھے کہ ہماری سائنس سوسائٹی کھاری کنوئیں کی طرح بے فیض ہے نہ حرکت نہ برکت ـــــ! چنانچہ عہدیداروں کے لئے "SLUGGISH MOLECULES" کی اصطلاح بھی وضع کی گئی۔ خدا کا شکر ہے کہ کھوٹا پیسہ بھی کام آگیا ہے۔ سائنس سوسائٹی نے ایک جلسہ کر ڈالا ہے۔ پروفیسر مرزا منظور احمد صاحب نے پودوں کی جنسی کیفیات (Sex in Plants) پر تبصرہ کیا۔ پروفیسر صاحب ایک لمبی لاٹھی سے مسلح ہو کر تشریف لائے۔ اس سے پوائنٹر کا کام لیا گیا تاکہ سامعین خوفزدہ نہ ہو جائیں۔ اور سوال کرنے کی جرأت بھی کر سکیں۔ سلائیڈز وغیرہ کے لئے پردے لگے ہوئے تھے اندھیرا گھُپ تھا۔ سیلانی جب اندر داخل ہونے لگا تو اس کا پہلا احساس یہ تھا کہ حادثہ بلیک ہول کی تاریخ اپنے آپ کو دہرا رہی ہے۔ تو ہر طرف شاخیں، تنے، ٹہنیاں، کونپلیں اور پھول بکھرے پڑے تھے۔ لیکچر کچھ ایسا دلکش تھا کہ انگریزی سیکشن والے رشید صاحب سارا وقت محوِ خواب ہی رہے۔ لیکچر کے بعد سوال و جواب کا سلسلہ شروع ہوا جو قہقہوں میں ڈھل گیا!

یوں تو مُردے کی صفت یہ بیان کی گئی کہ وہ بولتا نہیں مگر جب بولنے پر آتا ہے کفن پھاڑنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ یہی مثال سائنس سوسائٹی پر صادق آتی ہے۔ چند دنوں کے بعد ایک اور جلسہ کر ڈالا۔ اس جلسے میں ڈاکٹر میر مشتاق احمد ہائیڈرالک آفیسر پاکستان اور ڈاکٹر الیاس ڈویاش نے تقریریں کیں۔ موضوعات کی تلخی کے کفارہ کے طور پر سلائیڈز اور تصاویر کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جناب میر صاحب نے پانی کی قوت اور اس کے استعمال پر مبسوط تقریر فرمائی۔ ڈاکٹر ڈویاش صاحب نے کاغذ سازی کی صنعت کے بعض پہلوؤں کو اُجاگر کیا۔ یُوں تو یہاں ہونے والے ہر لیکچر کو بڑی دلچسپی کے ساتھ سُنا جاتا ہے مگر لیکچروں کی مقبولیت کا اندازہ اس سے لگایا جاتا ہے کہ مولانا ارجمند خان صاحب بھی بڑی دلجمعی سے انہیں سُن رہے تھے!

(باقی صفحہ ۱۱ پر)

تبرّک

لَا شَكَّ اَنَّ مُحَمَّدًا خَيْرُ الْوَرٰى

(از حضرت بانی سلسلہ احمدیہ علیہ السلام)

يَا عَيْنَ فَيْضِ اللّٰهِ وَالْعِرْفَانِ
يَسْعٰى اِلَيْكَ الْخَلْقُ كَالظَّمْاٰنِ
يَا بَحْرَ فَضْلِ الْمُنْعِمِ الْمَنَّانِ
تَهْوِيْ اِلَيْكَ الزُّمَرُ بِالْكِيْزَانِ
يَا مَنْ غَدَا فِيْ نُوْرِهٖ وَضِيَائِهٖ
كَالنَّيِّرَيْنِ وَ نَوَّرَ الْمَلَوَانِ
اَحْيَيْتَ اَمْوَاتَ الْقُرُوْنِ بِجَلْوَةٍ
مَاذَا يُمَاثِلُكَ بِهٰذَا الشَّانِ
وَجْهُ الْمُهَيْمِنِ ظَاهِرٌ فِيْ وَجْهِهٖ
وَشُئُوْنُهٗ لَمَعَتْ بِهٰذَا الشَّانِ
لَا شَكَّ اَنَّ مُحَمَّدًا خَيْرُ الْوَرٰى
رِيْقُ الْكِرَامِ وَنُخْبَةُ الْاَعْيَانِ
تَمَّتْ عَلَيْهِ صِفَاتُ كُلِّ مَزِيَّةٍ
خُتِمَتْ بِهٖ نَعْمَاءُ كُلِّ زَمَانِ
اُنْظُرْ اِلَيَّ بِرَحْمَةٍ وَّ تَحَنُّنٍ
يَا سَيِّدِيْ اَنَا اَحْقَرُ الْغِلْمَانِ
يَا حِبِّ اِنَّكَ قَدْ دَخَلْتَ مَحَبَّةً
فِيْ مُهْجَتِيْ وَمَدَارِكِيْ وَجَنَانِيْ
جِسْمِيْ يَطِيْرُ اِلَيْكَ مِنْ شَوْقٍ عَلَا
يَا لَيْتَ كَانَتْ قُوَّةُ الطَّيَرَانِ

اے اللہ تعالیٰ کے فیض اور عرفان کے چشمے۔ لوگ سخت پیاسوں کی طرح تیری طرف دوڑتے ہیں۔

اے انعام دینے اور احسان فرمانے والے خدا کے فضل کے سمندر لوگ فوج در فوج کوزے لیکر تیری طرف تیزی سے آ رہے ہیں۔

اے وہ جو اپنے نور اور روشنی میں مہر و ماہ کی طرح ہو گیا ہے اور اپنے نور سے رات دن کو منور کر دیا ہے۔

تُو نے صدیوں کے مُردے ایک جلوہ سے زندہ کر دیئے۔ کون ہے جو اِس شان میں تیرا نظیر ہو سکے۔

اللہ تعالیٰ کا چہرہ اس کے چہرے میں نظر آتا ہے اور اسکے تمام حالات اسی شان کے ساتھ چمکتے ہیں۔

بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہتر مخلوقات اور صاحبِ کرم و عطا اور شرفاء لوگوں کی روح اور انکی قوت اور چیدہ اعیان ہیں۔

ہر قسم کی فضیلت کی صفات آپ میں اعلیٰ وجہ الاتم موجود ہیں اور ہر زمانے کی نعمت آپ کی ذات پر ختم ہے۔

مجھ پر رحم اور شفقت کی نظر کرنا۔ اے میرے آقا میں تیرا ایک ناچیز غلام ہوں۔

اے میرے پیارے تیری محبت میرے خون، میری جان، میرے حواس اور میرے دل میں رچ گئی ہے۔

میرا جسم شوقِ غالب کے سبب تیری طرف اُڑا جاتا ہے اے کاش مجھ میں قوتِ پرواز ہوتی۔

(شرح القصیدہ)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لطف الرحمٰن محمود
(سائنس)

پہچانیے تو؟

اگر آپ کی نگاہ کیمسٹری ایسے خشک مضمون کے پڑھنے پڑھانے والے کسی ایسے مرنجاں مرنج بزرگ پر پڑے جو مسرت وانبساط کی رنگینیوں سے لبریز، کیف آفریں قہقہے بکھیر رہا ہو تو فوراً آنکھیں بند کر کے ایمان لے آئیے کہ "بابائے ظرافت" یہی ہیں۔ البتہ ضعفِ بصارت کے مریضوں کے لئے پریشانی کافی ہے کہ صاحبِ موصوف کا چہرہ مرورِ ایام اور امتدادِ زمانہ کے گہرے نقوش کا امانت دار ہے۔ مگر اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ محکمہ آثارِ قدیمہ پھاوڑے لے کر چڑھائی کر دے ——— ! مشرقی وضع قطع تو بھول ہی نہیں سکتی۔ وہی پاجامہ، اچکن، ٹوپی اور عینک۔ ہاں ہاتھ میں چھڑی کی بجائے تھیلہ سنبھالنے کے عادی ہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ یہ تھیلہ بھی سلیمانی ٹوپی کی طرح بڑا عجیب وغریب ہے۔ اس تھیلے کو دیکھو کہ فاضلِ اجل اخوند عبدالقادر مرحوم یاد آجاتے ہیں!

صاحبِ موصوف حجم، جسامت، کثافتِ اضافی، "جوہری وزن" (ATOMIC WEIGHT) اور اسٹرکچر (STRUCTURE) کے لحاظ سے قدرت کی ستم ظریفی کا شاہکار ہیں! مگر جب چلتے ہیں تو کم از کم موصوف خود یہ ضرور محسوس کرتے ہیں کہ زمین ساتھ ساتھ دبی جا رہی ہے۔ اس چال کو شاعرانہ اصطلاح میں "قیامت خیزی" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ بلکہ جو لوگ قیامت کے منکر ہوتے ہیں انہیں یہی ثبوت دیا جاتا ہے۔ اس لئے موصوف نرے پروفیسر ہی نہیں بلکہ قیامت کا اچھا خاصا ثبوت بھی ہیں! مشرقی وضع قطع میں داڑھی بھی شامل ہے ——— چھوٹی سی کھچڑی داڑھی ——— مگر اِس "چھوٹی سی" سے یہ مراد نہیں کہ غلطی سے کچھ بال ٹھوڑی پر رہ جاتے ہیں اور دور سے ایسا دکھائی دیتا ہے کہ پنیر کے ٹکڑے پر موسمِ سرما کی ماری ہوئی چیونٹیوں کی گول میز کانفرنس ہو رہی ہے ——— مطلب یہ ہے کہ داڑھی کا یہ سلسلہ "اس سطحِ مرتفع" کے علاوہ دوسرے "میدانی علاقے" پر بھی پھیلا ہوا ہے ——— مطلب یہ کہ ٹھوڑی کے علاوہ بھی داڑھی ہے!

پروفیسر موصوف، جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے "بابائے ظرافت" ہیں۔ اس میں حاضر جوابی بھی شامل ہے۔ جب لیکچر کلائمکس پر پہنچتا ہے تو عجیب لذت محسوس ہوتی ہے۔ آپ نے اسٹوری کا "کلائمکس" تو سنا ہوگا۔ اگر لیکچر کا کلائمکس دیکھنا ہو تو ذرا کیمسٹری کا ایک آدھ پیریڈ ہمارے ساتھ بھی Attend کر کے دیکھ لیجئے! ہر روز کلاس میں کوئی نہ کوئی لطیفہ ایسا چھوڑتے ہیں کہ حاضر جوابی پر انگشت بدنداں ہونا پڑتا ہے ——— کسی نے جمائی لی اور اِدھر لطیفہ ہوا ——— کسی کو اونگھ آئی اور اِدھر شگوفہ چھوٹا ———

چند دنوں کی بات ہے کہ شاگردوں نے بڑی رقت سے عرض کیا حضور روزے ہیں، آپ کی رفتار ماشاء اللہ جناب ایکسپریس کیا پائنیر مسٹ کی ہے، پرچوں میں کورس ذرا کم ہی رہنے دیں، اور ویسے بھی کچھ لچک اور نرمی ہو۔ فوراً گرجے "کیوں صاحب؟" شاگردوں نے روزوں کا واسطہ دیا ——— مگر بلا توقف گویا ہوئے "بھوکا بٹیر خوب لڑتا ہے۔ اس لئے پرچہ خوب مشکل ہوگا۔"

یہ حاضر جوابی اگر ورثے میں نہ ملتی تو بھلا کیمسٹری میں ایسی ظرافت کیسے پنپ سکتی ہے؟

ایک نیام میں دو تلواریں ہرگز نہیں سما سکتیں۔ کہاں کیمسٹری اور کہاں بذلہ سنجی۔ یہ پروفیسر صاحب کا معجزہ ہی ہے کہ

اُن کے وجود با جود کے کمبل میں یہ دونوں فقیر گزارہ کر رہے ہیں۔ جب طالب علم کسی طویل طویل اپریٹس کا حدود اربعہ اور پیچھے دار فارمولوں کا لامتناہی سلسلے کو دیکھ کر گھبرا جاتے ہیں اور بے چینی چہروں سے جھانکنے لگتی ہے تو آپ کوئی لطیفہ سُناتے ہیں اور پھر آوے کا آوا زعفران زار بن جاتا ہے!!

موصوف کالج کے اُن چند اساتذہ میں سے ایک ہیں، جو وراثت کے حقوق اور ماحول کے اثرات کی وجہ سے شعر کہنے پر تو قادر ہیں مگر شعر کہنے پر آمادہ نہیں۔

بات یہاں تک ہی رہتی تو کوئی مضائقہ نہ تھا مگر غضب تو یہ ہے کہ اِس معاملہ میں آنجناب کے خیالات ارسطو سے ملتے جُلتے ہیں۔ ارسطو تو سرے سے ہی شاعر کو عضوِ معطّل سے بھی ناکارہ شے تصوّر کرتے تھے مگر صاحبِ موصوف کا احسان بلکہ کرم بالائے کرم ہے کہ اتنی رعایت دینے پر آمادہ ہیں کہ جب قوم سیاسی، معاشی، اقتصادی، ذہنی، تعلیمی، جسمانی، حیاتیاتی، طبیعاتی اور کیمیائی، غرض ہر لحاظ سے مضبوط ہو تو شاعر کے پیدا ہونے اور پنپنے کے امکان کا جائزہ لیا جا سکتا ہے ـــــ ورنہ شاعروں کی کوئی ضرورت نہیں۔ یوں سمجھنا چاہیئے کہ حضرت کے نزدیک شاعری "کارِ بے کاراں" ہے!! مگر ہم حیران ہیں کہ آپ ایسے خیالات کے حامل کیوں ہیں؟ حالانکہ آپ نے شاعرانہ اور ادیبانہ ماحول میں آنکھیں کھولیں اور شعروسخن کی گود میں پلے ہیں۔ آپ یقیناً پریشان ہو جائیں گے کہ آپ کے والدِ ماجد روزانہ داغ دہلوی مرحوم کے گھر جاتے اور کلام کی داد پاتے! ایسے بزرگوں کی اولاد اور شاعروں کی دشمن؟ ع

اِس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا

لیکن شاعری کیمسٹری تو ہے نہیں کہ صرف پڑھنے سے ہی آتی ہو ـــ شاعری، بذلہ سنجی اور لطیفہ گوئی تو ایسی بلائیں ہیں کہ قدرت نے اگر ان کی رمق تک ذہنِ انسانی میں چھپا دی ہو تو پھر ان کی لہریں سارے جسم میں حلول کر جاتی ہیں! ان سے پیچھا چھڑانا تو جُوئے شیر لانے کے مترادف ہے بلکہ اس سے بھی مشکل! یہی وجہ ہے کہ آپ کے ہاں باوجود ضبط کے اس قوت کا اظہار ہو ہی جاتا ہے اور بڑا موزوں اور پُر لطف! کیمسٹری والے تو شاعری کو حرام سمجھتے ہیں۔ شریعتِ کیمیا میں خود شعر کہنا تو کفر سے بھی بدتر سمجھا جاتا ہے اور دوسروں کا مصرع تک زبان پر لانا معیوب اور کیمیا کے فارمولوں کی توہین کے مترادف! مگر فطرتِ صحیحہ تو احسنِ تقویم ہوتی ہے اس لئے اکثر مصرع لب پر آ ہی جاتا ہے! یہی حال صاحبِ موصوف کا ہے!

ایک دن تابکاری (Radio activity) پر پُرمغز لیکچر ہو رہا تھا کہ اُن کے اثرات پر بحث چل نکلی۔ نوبت اُن کے Half life Periods تک آ گئی۔ موصوف نے بتایا کہ کئی تو ایسے ہیں کہ تقریباً دو ہزار سال کے بعد انکا ایک تغیر مکمل ہوتا ہے ـــــ یہ کہہ کر آپ کی حالت دگرگوں ہو گئی اور غالب کا یہ شعر ؎

آہ کو چاہیئے اِک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

کچھ اِس رقّت اور دلسوزی سے پڑھا کہ کلاس پر ایک مخصوص کیفیت طاری ہو گئی!

بہرحال اُن کے لطیفے شگوفے اور معرفت کے نکتے ـــ سُبحان اللہ ع

وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی!

● پروفیسر موصوف عجائب و غرائب کا مجموعہ ہیں۔ مگر میں صرف ایک عجیب بات ہی بیان کروں گا اور وہ یہ کہ اتنی بڑی ڈگری کے حصول کے بعد بھی پڑھنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔ ان کے دارالمطالعہ میں میرا کئی مرتبہ گزر ہوا ہے۔ میں نہیں کہ آندھی بگولے کی طرح بلکہ بارش اولے کی طرح کہنا زیادہ مناسب ہو گا۔ مطلب یہ ہے کہ میں نے تحقیقی و تنقیدی نظر سے اُن کی کتابوں کو سونگھا بھی ہے! یقین جانیئے اتنی موٹی موٹی کتابیں پڑھتے ہیں اگر تین چار اٹھا کر ایک اچھے بھلے آدمی کے سر پر دے ماری جائیں تو اُس بے چارے کا کچومر نکل جائے ـــــ کچومر کیا کفن دفن کا انتظام کرنا پڑے!! یہ نہیں کہ

صرف کتابیں ہی پڑھتے ہیں بلکہ آپ کے مشاغل بہت دلچسپ ہیں۔ کبھی قدِ آدم دُوربینیں لگا کر عالَمِ بالا کی سیر کا شوق فرماتے ہیں۔ کبھی مسیحایانہ لباس زیبِ تن کر کے اپنے باغیچے کے پودوں پر کیمیائی کھاد کے اثرات کا جائزہ لیتے ہیں ——— اور جب تجربہ کرتے کرتے پودوں کا ستیاناس ہو جاتا ہے تو کلاس میں تجزیہ پیش کرنے لگتے ہیں! مگر اب کیا ہوت جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت!!

مختصراً یہ کہ کوئی راکٹ چھوٹے، گھڑا پھوٹے یا کوئی اور شے ٹوٹے، بس پھر اللہ دے اور بندہ لے۔ اُس کی کیمسٹری بیان کرنے لگتے ہیں بلکہ چودہ طبق روشن کر کے چھوڑتے ہیں۔ جب آپ کی طبعِ رسا رقص پر آمادہ ہوتی ہے تو پھر لیکچروں کا سیلاب کیمسٹری روم اور دارالتجربہ تک محدود نہیں رہتا بلکہ جامعہ احمدیہ کے ہال اور تحریک کے کمیٹی روم تک کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے!

بھلا ایک ایسا آدمی جس کی صحت پہ پہلے ہی کافی سے زیادہ فضلِ ربی ہے، جو دردِ گُردہ اور دردِ کمر کا مریض ہو کیا اُسے رات کے دو بجے تک مطالعہ میں مستغرق رہنا چاہیئے؟ انصاف کیجئے اب اس میں قدرت کا کیا قصور ہے ——— جس کے تمام دن خشک و تر کتابوں سے اُلجھنے میں گزر جائیں۔ دن طالب علموں سے سر کھپاتے گزریں ——— راتیں غور و فکر میں ارکات جائیں ——— اور طرّہ یہ کہ داخلہ روک کر امتحان سے محروم کئے جانے والے "شہدائے کرام" کی دُعائیں شاملِ حال ہوں تو بتائیے کہ وہ شخص سال میں ایک دو مرتبہ بسترِ علالت پہ کیوں نہ دراز ہو؟ آپ بے شک ایک نافع الناس وجود ہیں مگر قانونِ قدرت کس بھاڑ میں جائے؟ آخر بتیس دانتوں کی بھاگا کسر، بلاؤ کا نام ہے؟ بہرحال کہہ رہے تھے کہ اب کے اگر قانونِ قدرت ٹل گیا (اور خدا کرے ٹل جائے) تو کالج میں ایک ایسی سائنسی تماشہ کراؤں گا کہ لوگ یاد رکھیں گے!! ع

"آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا!"

دردمندانہ دُعاؤں والا عقدہ شاید وا نہ ہوا ہو اس کی عقدہ کشائی بھی ضروری ہے۔ واضح ہو کہ آپ صرف جلسہ والوں کے "ناظم مکانات" ہی نہیں ہیں بلکہ کالج والوں کے "ناظم امتحانات" بھی ہیں۔ اور اس سلسلے میں سارا "خون بہا" اُن کے سر ہی پڑتا ہے! ——— سچی بات یہی ہے کہ آپ کے بغیر تو یہ کام چلنے سے رہا۔ آزاد منش طلبہ کو بھی موصوف کے مزاج کی خبر ہے اب اُن پر کھل گیا ہے کہ حضرت کے سینے میں کچی کلی ایسا نازک دل نہیں کہ چیخ و پکار کی لُو سے مُرجھا کر متاثر ہو سکے! امتحان کے معاملہ میں اُن کی سخت پالیسی کا ہی اثر ہے کہ کئی آزاد منش طالب علم بھی کڑا کر کے اپنی پالیسی کا راستہ ہموار اور درست کر لیتے ہیں!!

آپ کی کمزوریاں بھی عجیب و غریب ہیں۔ اگر کوئی قسمت کا مارا لیٹ آ جائے تو اس کے لئے زندہ درگور ہو جانا ہی زیادہ موزوں ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسی صورتِ حال میں آپ کی حرارتِ غریزی اچانک حدِ اعتدال کو پھلانگ کر نقطۂ عروج تک پہنچ جاتی ہے ——— اور جب درجۂ حرارت بڑھ جاتا ہے تو بے چارے کو بھاڑ میں ڈال کر چھلنی میں اُڑاتے ہیں۔ اگر غصے کے عالم میں ٹکا سا جواب نہ دیں تو پھر طنزیہ انداز سے طرح طرح کی فرمائشوں سے ان حضرت کی ارتھی بڑی دُھوم دھام سے اُٹھاتے ہیں یہ فقرہ کہتے ہوئے جب ساری کلاس کھڑی کر دیتے ہیں تو ان حضرت پہ موت طاری ہو جاتی ہے

"SHALL WE ALL STAND TO HONOUR YOUR HIGHNESS?"

دوسری کمزوری آپ کی یہ ہے کہ وہ کلاس میں کسی کو عالَمِ خواب میں دیکھنا گوارا نہیں کر سکتے۔ یہ کمزوری تو شاید تمام اساتذہ کرام میں ہو گی۔ مگر آپ کے تیوروں سے یہی آرزو ٹپکتی ہے کہ اگر اللہ میاں انہیں ——— توفیق بخشے اور قانون اجازت دے تو ایسے طالب علم کو چابک مار مار کر گنجا کرنے کی بجائے کرسی یا بنچ مار کر ابدی نیند سُلا دیں!

بہرحال موصوف صرف اللہ میاں کے حبیب نہیں، بلکہ طالب علموں کے بھی حبیب ہیں۔ اُن کی شفقت، خلوص، سادگی،

غصہ، مظلومیت، معصومیت، جبر، صبر، شاعر دشمنی، شاعر نوازی اور بذلہ سنجی —— ان سب نے مل جل کر انہیں ایک محبوب پروفیسر بنا دیا ہے۔ آپ کی لطیفہ گوئی اور شگوفہ سازی دیکھ کر اس عقیدے میں ترمیم کرنی پڑتی ہے کہ کیمسٹری گو ذوقِ شعری اور حسنِ طبع کا ستیا ناس کرتی ہے۔ مگر اب ممکن ہے ایک کیمسٹری جاننے والا لطیفہ گو اور بذلہ سنج بھی ہو۔ اگر ہم ایک جہاں دیدہ آدمی سے یہ سوال کریں کہ ایک ایسا شخص جسے ہائیڈروجن سلفائیڈ سے محبت ہو —— جسے سایانائیڈ سے عشق ہو۔ جسے کلورین اور سلفر ڈائی آکسائیڈ سے الفت ہو۔ اور جن کا فاسفین سے گہرا لگاؤ ہو —— کیا وہ بھی لطیفہ گو ہو سکتا ہے؟ پہلے اس کا جواب نفی میں ہوگا۔ مگر موصوف کے لیکچروں سے دو تین دن محظوظ ہونے کے بعد وہ بلا خوفِ تردید کہہ سکے گا —— "ہاں ہو سکتا ہے"!

نقد و نظر

(بقیہ صلا)

ایک بات جسے سیلانی نے بہت محسوس کیا ہے وہ انتظامی امور کے سلسلے میں چند خامیوں سے متعلق ہے۔ جب کبھی جوشِ خطابت سے متاثر ہو کر سیلانی لیکچر کی طرف متوجہ ہوتا تو کسی نہ کسی آفت کے نزول سے یہ تسلسل ٹوٹ جاتا۔ کبھی بلیک بورڈ آ رہا ہے۔ کبھی ڈسٹر درکار ہے۔ کبھی چاک کی تلاش ہے۔ کبھی کسی عہدیدار کو باہر جانے کی ضرورت پڑ گئی ہے تو کبھی کسی کو اندر آنے پر اصرار ہے۔ یہ چیزیں پہلے ہی تیار ہونی چاہئیں۔ سیلانی کو امید ہے کہ آئندہ یہ بزرگ محتاط رہیں گے۔ ووٹ لیکر کرسیوں سے چپک جانا کوئی بڑا معجزہ نہیں —— بلکہ اصل کرامت تو ایسی خامیاں دور کرنا ہے، جو اچھے بھلے جلسوں کا مزا کرکرا کر دیتی ہیں۔

سمیع اللہ ایم۔ اے

اب تو جیسی ہے بھلی ہے یارو!

کوئی آہٹ کوئی آواز نہیں
یاد سنسان گلی ہے یارو
زندگی کو کوئی الزام نہ دو
اب تو جیسی ہے بھلی ہے یارو
جس کو دیکھیں وہی شرما جائے
یہ بھی اک ریت چلی ہے یارو
میری خواہش کو نہ بدنام کرو
یہ بھی نازوں کی پلی ہے یارو
شوخ نظروں کی اسے تاب کہاں
دل تو معصوم کلی ہے یارو

عبدالسلام اختر ایم۔اے

افکارِ عالیہ

بستی بستی گھومنے والو پایا کچھ تسکین کا سایا
اس کی شان کے صدقے جس نے دُنیا بخشی آپنے آپ آیا

دُور تھا یا نزدیک تھا تُو یہ میری ہی کوتاہ نظر تھی
جس نے جتنا جتنا ڈھونڈا اُس نے اتنا اُتنا پایا

آتو چکے ہو چھوڑ کے اپنی جنّت اے نو واردِ ہستی!
آؤ یہاں اب غور سے دیکھو کون اپنا ہے کون پرایا

کون شریکِ حال تھا میرے عمر یہاں جب بیت رہی تھی
عقل کے چکّر۔ وقت کی گردش۔ ذہن کی اُلجھن روح کا سایا

ہفت افلاک کی منزل کیا ہے روحِ جہاں بھی تھراتی ہے
"کون ستارے چھو سکتا ہے۔ راہ میں سانس اُکھڑ جاتی ہے"

قریشی ضیاء الحق
فنون

تصوّف کیا ہے؟

لفظ "تصوّف" ہمیشہ زیر بحث رہا ہے۔ لیکن کوئی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ دراصل یہ مسئلہ بڑا پیچیدہ ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اس کی حقیقت بیان کرنے میں ہماری فصیح سے فصیح عبارتیں۔ فصیح بیانات اور فصیح ترین ترکیبات لفظی تشنۂ تکمیل رہ جاتی ہیں نامحرمانِ بزم تصوّف کا تو ذکر ہی کیا خود صدر نشینانِ محفل تصوّف اس کی ایسی تعریف کرنے سے قاصر رہے ہیں۔ جو جامع اور مانع ہو۔ انہوں نے بے شمار طریقوں سے اس کی حقیقت بیان کرنے کی کوشش کی ہے لیکن ہر تعریف لفظی اس کے ایک یا چند پہلوؤں کو واضح کرتی ہے الفاظ کا کوئی انتخاب ایسا نہیں ملتا جو اس کو پورے طور پر بے نقاب کر سکے ذیل میں چند تعریفات پیش کی جاتی ہیں۔ جن سے ہماری کسی حد تک رہنمائی ہوتی ہے:۔

۱:۔ حضرت داتا گنج بخش اپنی کتاب "کشف المحجوب" کے صفحہ ۴۲ پر فرماتے ہیں:۔
فرماتے ہیں:۔ "تصوّف ایک حقیقت ہے جس کیلئے کوئی رسم نہیں۔"

۲:۔ ذوالنون مصری فرماتے ہیں "صوفی وہ ہیں جنہوں نے سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر خدا کو لیا ہے۔" (الغزالی صفحہ ۱۱۵)

۳:۔ علّامہ شبلی "کشف المحجوب" کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ:۔
"صوفی وہ ہوتا ہے جو دونوں جہان میں بجز اللہ عزّوجل اور کسی کو نہ دیکھے۔"

۴:۔ "تصوّف خلق نیک کا نام ہے۔" (مرتعش ؒ)

تعریفات بالا سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ صوفی جس مقام میں ہے اور جس زاویہ نگاہ سے وہ مشاہدہ حقیقت کر رہا ہے۔ اسی کے اعتبار سے اس نے اس کو سمجھا ہے۔ اور بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ ایسی صورت میں کسی تعریف کو مکمل قرار نہیں دیا جا سکتا۔ رجوع اللہ۔ ترک ماسوا اللہ قناعت و توکل۔ تسلیم و رضا۔ تزکیۂ نفس اور استغراق تصوّف کے مختلف پہلو ہیں۔ اصل مقصد حقیقت مطلقہ کی تلاش ہے۔ انسان کا فرض ہے کہ وہ اخلاقی صفات سے آراستہ ہو اور حقیقت مطلوبہ سے اس کا تعلق خلوص آمیز اور مستحکم قرار دیا جا سکے۔ محبوب حقیقی جوہر تقدس سے آراستہ و پیراستہ ہے اس لئے تزکیۂ نفس اور اصلاح باطن کے بغیر اس سے واصل ہونا ممکن نہیں۔ ضرورت ہے کہ کوئی ایسا ضابطۂ فکر و عمل ترتیب دیا جائے جو نفس کی کثافتوں کو دور کر کے انسان کو تقرب خدا کا ذریعہ بنا سکے۔ لیکن ملحوظ رہے کہ یہ بھی تصوّف کی نہیں بلکہ فن تصوّف کی تعریف ہوئی۔ نفس تصوّف کی تعریف حد امکان سے باہر ہے۔ وہ کسی خاص طریقہ عبادت یا آئین پرستی کا نام نہیں۔ بلکہ بادۂ بے نام کا نشۂ روح محبّت کا نغمہ، کائنات کے دل کی دھڑکن اور قلب انسانیت کی آواز ہے۔ اور وہ فطرت کے تمام پہلوؤں کو متاثر کرتا ہے تصوّف قلب انسانی کی ایک کیفیت کا نام ہے۔ جو سرتا پا ذوق وجدان ہے اندر رھل کے الفاظ میں "حقیقی تصوّف کی بنیاد انسان کی شخصیت میں جاگزین ہے۔ اس لئے اساسی طور پر وہ ایک ایسی حقیقت ہے جو صرف قلب سے تعلق رکھتی ہے۔ یہی سبب ہے کہ اس "معنی بے لفظ" کی تعریف کرنے میں ہر بامعنی لفظ بے معنی ثابت ہوتا ہے۔"[۱]

جس طرح تصوّف کی تعریف ناقابل یقین ہے۔ اسی طرح اس کی وجہ تسمیہ بھی اختلاف خیال کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ مولانا شبلی، امام غزالیؒ کے حوالے سے لکھتے ہیں:۔

"امام صاحب موصوف نے ایک موقعہ پر تصوّف

---

۱ MYSTICISM. P. 82

کی وجہ تسمیہ کے متعلق لکھا ہے کہ اس لفظ کے اشتقاق کے متعلق تین رائیں ہیں۔ بعض کا قول ہے کہ صحابہ میں سے جو لوگ اہلِ صفہ کہلاتے تھے ان کی طرف منسوب ہے۔ بعض کے نزدیک اس کا ماخذ صفا ہے۔ بعض کے نزدیک صف۔ لیکن قاعدۂ اشتقاق کی رُو سے یہ تمام اقوال غلط ہیں[1]۔"

مولانا شبلی اسی مقام پر آگے چل کر فرماتے ہیں :۔

"یہ احتمال ہو سکتا تھا کہ صوف سے ماخوذ ہے جس کے معنی پشمینہ کے ہیں۔ لیکن پشمینہ پوش ہونا اس فرقے کی کوئی خصوصیت نہیں۔"

لیکن حضرت علی الہجویری کی رائے اس کے خلاف ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق لباس صوف اہل تصوّف کا امتیازی نشان تھا۔ یہی نہیں بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّت بھی ہے۔ ثبوت میں یہ حدیث پیش کرتے ہیں :۔

علیکم تلبس الصوف تجدون
حلاوۃ الایمان فی قلوبکم۔

یعنی صوف کا لباس اختیار کرو۔ تم اپنے دل میں حلاوتِ ایمان پاؤ گے۔

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی بھی اسی خیال کی تائید کرتے ہیں۔ انہوں نے حضرت حسن بصری کا یہ قول پیش کیا ہے کہ انہوں نے ستر اہلِ بدر کو دیکھا (گویا وہ صوفی تھے) جن کی پوشاک صوف تھی۔ پھر آگے چل کر کہتے ہیں کہ "ہمیشہ صالحین اور زہاد اور متقین اور عباد کو صوف ہی کا لباس مرغوب رہا"۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر عہد نبوی کے زہد پسند بزرگوں کو اوّلین صوفیاء میں تسلیم کرا لیا جائے تو تصوّف آسانی کے ساتھ صوف میں سے مشتق قرار دیا جا سکتا ہے۔ مستشرقین یورپ نے بھی اسی نظریے کی حمایت کی ہے۔

مولانا عبدالحلیم صاحب شرر علامہ ابن جوزی کے حوالہ سے لفظ صوفی پر اس طرح اظہار خیال کرتے ہیں :۔

"جاہلیت عرب میں صوفہ نام ایک گروہ تھا۔ جو لوگ تارک الدنیا ہو کر عبادت و ریاضت میں مشغول ہو جاتے اور کعبہ کے پاس بیٹھ رہا کرتے، یہ لوگ خاندان غوث بن مرّ میں سے تھے جو تیم بن مرہ کا ایک قبیلہ تھا۔ پھر بعثتِ نبوی کے بعد اسلام میں جو لوگ ان کے ہم خیال پیدا ہوئے وہ بھی ان کی طرف منسوب ہو کر صوفی کہے جانے لگے[2]۔"

ڈاکٹر نکلسن نے تصوّف کو صوف سے مشتق قرار دیا ہے۔ اور دلیل یہ پیش کی ہے کہ ایران میں صوفی کو پشمینہ پوش کہتے ہیں اور یہ محض صوف کی رعایت ہے۔ عہدِ رسالت کے عباد و زہاد میں تصوّف کے آثار اچھی طرح نظر آتے ہیں۔ دوسری طرف بعض اکابر صوفیاء صفا کی صحت پر زور دیتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ مادہ صفاء سے بابِ مفاعلت پر مصافات مصدر ہوئی اور ماضی معروف صفّی اور ماضی مجہول صُوفی قرار پا گئی[3]۔

حضرت علی ہجویری زیادہ زور صفاء پر ہی دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ تمام دوسرے معانی بجز لفظ صفاء کمزور ہیں اس لئے صفا سب سے بہتر ہے۔ اس لحاظ سے کہ اہلِ تصوّف کا مقصد صفائے باطن ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے حامیانِ صفا کے اقوال بھی حقیقت سے بعید معلوم نہیں ہوتے۔

اسی طرح تصوّف صفہ سے مشتق قرار دیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اہلِ صفہ کی روشِ حیات صوفیاء کے طریق سے بہت مشابہت رکھتی ہے۔ ترکِ لذات، عزلت نشینی، کثرتِ ذکر و عبادات وغیرہ اہلِ تصوّف کے تمام اوصاف اہلِ صفہ میں نظر آتے ہیں۔ اسلئے صوفیاء

---

[1] الغزالی ص ۱۱۴

[2] مضمون از مولوی عبدالحلیم شرر مشمولہ رسالہ التصوّف لاہور جون ۱۹۳۲ء

[3] ENCYCLOPEDEA OF ISLAM VOL.4 P. 682

تصوف کیسے ظہور میں آیا؟

مذاقِ تصوف کی تخلیق اہلِ اسلام میں تمام دوسری ملل عالم کی طرح غیر شعوری طور پر ہوئی۔ پہلے سے اس کا کوئی ضابطۂ فکر و عمل موجود نہ تھا۔ اس مسلک خاص کو بالارادہ وضع نہیں کیا گیا۔ اس کے لئے کسی مجلس یا انجمن کا قیام عمل میں نہیں آیا۔ نہ کوئی تجویز پیش کی گئی۔ نہ اس کی دوسروں نے تائید کی۔ نہ کثرت آراء یا اتفاق آراء سے یہ تجویز منظور کرائی گئی۔ تصوف کوئی پیغام نہ تھا جو الفاظ کے ذریعے کانوں تک یا کلک و قرطاس کے ذریعے آنکھوں تک پہنچایا گیا ہو بلکہ ایک انسانی جذبہ تھا جو دیگر مذاہب کی طرح پیروانِ اسلام میں ساز گار حالات کے ہوتے ہوتے تشکیل پا گیا اور رفتہ رفتہ اس میں ایسی رنگ آمیزیاں ہوئیں کہ اب تو بعض اوقات اس کی صورت پہچاننے میں بھی دشواری پیدا ہو جاتی ہے۔ ان اشکال کی بنا پر اس کے ماخذ کے بارے میں متعدد نظریے پیش کئے گئے ہیں جن میں سے چار خاص طور پر موضوع بحث قرار دیئے جا سکتے ہیں:-

(۱) تصوف ایک خود رو تحریک ہے۔

(۲) تصوف سامی مذہب کے خلاف ایک آریائی ردعمل ہے۔

(۳) تصوف اشراقیت جدید (NEW PLATONISM)

(۴) تصوف کا ماخذ خالص اسلامی تعلیم ہے

سطور ذیل میں ان تمام نظریات کی کسی قدر تفصیل پیش کی جاتی ہے۔

(۱) پہلے نظریے کے مطابق تصوف ایک خود رو تحریک ہے جو بغیر کسی داخلی یا خارجی اثر کے ظہور میں آ گئی۔ یہ نظریہ اگرچہ جزوی طور پر صحیح ہے لیکن جس خیال پر اس کو قائم کیا گیا وہ سراسر غلط فہمی پر مبنی ہے۔ کہا یہ جاتا ہے کہ اسلام میں عام طور پر ظاہریت اور مراسم پرستی کا بازار گرم تھا۔ اور ان حالات میں پرشوق روحوں کے واسطے کوئی سامانِ سکون و طمانیت موجود نہ تھا۔ اس کی تائید اس طرح کی جاتی ہے کہ ابتدائی دور کے اہل تصوف حضرت ابراہیم بن ادہم، داؤد طائی، سفیان ثوری اور ابوہاشم وغیرہ کے جو اقوال دستیاب ہوتے ہیں وہ اس حقیقت کو واضح کرتے ہیں کہ یہ لوگ مروجہ رسوم پرستی اور ضابطہ آرائی کے علاوہ کسی عمیق تر اور زیادہ اطمینان بخش شے کے متلاشی تھے۔ وہ عشقِ الٰہی میں خلوص کے درجۂ کمال پر فائض تھے اور ان کے تمام مشاغل عشق و عبادات محض تقرب خدا کی نیت سے ہوتے تھے نہ کہ اس عذاب کے خوف سے یا تمنائے رحمت میں جو خدا کی طرف سے نازل ہوتی۔[1] اور چونکہ اسلام میں اس ارتقائے روحانی کی گنجائش نہیں تھی اس لئے انہوں نے علیحدہ روحانی مسلک کی بنیاد ڈالی لیکن یہ خیالات حقیقت سے بہت بعید ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اسلام انسان کو پیکر عمل بنانا چاہتا ہے مگر اس کے ساتھ روحانی زندگی کے مقدس و منور ابواب وا کر دیئے ہیں۔ زیادہ تفصیل کی ضرورت نہیں صرف حضرت علیؓ کا ارشاد اس کی تردید کے لئے کہ اسلام میں خلوص عبادت کی کمی تھی کافی ہے۔ فرماتے ہیں:-

مَا عَبَدْتُکَ یَا رَبِّ شَوْقاً اِلٰی جَنَّتِکَ وَلَا خَوْفاً مِنْ نَارِکَ بَلْ وَجَدْتُکَ اَھْلاً لَہٗ۔

آپ زمانۂ رسالت میں موجود تھے اسلئے آپ کا ارشاد پڑھنے کے بعد کون کہہ سکتا ہے کہ اسلام میں حقیقی ذوقِ عبادات اور ارتقائے روحانی کے لئے کسی کمی کی گنجائش محسوس ہو سکتی ہے۔

(۲) اس نظریے کے مطابق تصوف ایک غیر جذبی سامی مذہب کے خلاف ایک آریائی ردعمل کی صورت میں نمودار ہوا۔

---

[1] LITERATARY HISTORY OF PERSIA VOL. I P. 424

اس کا مطلب یہ ہے کہ آریائی (یعنی ایرانی اور ہندی) مذاہب کے لوگ روحانی مسائل اور فلسفیانہ افکار میں اس وقت بہت سی منازلِ ارتقاء طے کر چکے تھے۔ جبکہ وہ بہ جبر و اکراہ اسلام قبول کرنے پر مجبور کئے گئے، جو محض لبطرِ سیاسیات سے زیادہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا تھا۔ قبولِ اسلام کے بعد آریائی مذاہب کے افکارِ کہنہ عود کر آئے۔ ان افکار اور تعلیماتِ اسلامی کے درمیان ایک اختلاف پیدا ہونے لگا۔ عقائدِ اسلام سے خلاصی پانا ناممکن تھا ساتھ ہی اپنے عقائدِ کہنہ کو رد کرنا بھی دشوار تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک طرح کی مفاہمت عمل میں آئی اور اسی مفاہمت کا نام تصوّف ہے۔ لیکن یہ نظریہ بھی قابلِ قبول نہیں ہے۔

(۳) ایک گروہ اشراقیت جدید (NEW PLATONISM) کو تصوّف کا ماخذ بتاتا ہے۔ اشراقیت ایک روحانی فلسفہ ہے جس کا بانی اوّل افلاطون یونانی تھا۔ اشراقیت جدید وہ دبستانِ علم ہے جو بہت بعد میں فلاطینوس (۲۰۴ء سے ۲۷۰ء) نے قائم کیا[1]۔ اس فلسفے کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کو حقیقتِ مطلقہ یعنی خالقِ کائنات کا علم و عرفان حاصل کر کے اس سے واصل ہو جانا چاہیئے۔ اس میں ایک ایسی استعداد موجود ہے جس کی مدد سے وہ اپنے تجرباتی علوم کی حد سے گزر کر حقیقتِ واحدہ کا وجدانی علم پا سکتا ہے اور اپنی شخصیت کو فنا کر کے اس لامحدود ذات سے واصل ہو سکتا ہے۔"

لیکن اصل بات یہ ہے کہ تصوّف اپنے آغاز کیلئے اشراقیت جدید کا رہینِ منت نہیں۔ مسلمان جس زمانے میں پہلے پہل فلسفۂ یونان سے روشناس ہوئے وہ زمانہ مامون الرشید کی خلافت کا زمانہ تھا۔ مسلمان اشراقیت جدید کو یونانی وساطت سے ہی سمجھ سکتے تھے۔ فلسفۂ یونانی کی آمد مسلمانوں میں تیسری صدی ہجری میں ہوئی لیکن تصوّف اس سے پیشتر وجود میں آچکا تھا اسلئے اشراقیت کو تصوّف کا ماخذ نہیں بلکہ فلسفۂ تصوّف کا فروغ قرار دیا جا سکتا ہے۔

---

[1] Cambridge Encyclopaedia VOL. XIII — P. 242

محمد مہدی مونس
(فنون)

غزل

لذّتِ عشق میں ایسا ہے یہ تن من میرا
مجھکو معلوم نہیں کون ہے دشمن میرا

میری حالت یہ یوں بے خودی نگاہیں اُٹھا
عشق میں ایسا ہی ہر وقت ہے اُمن میرا

یہ سرائے نہ چمن ہے میرا غربت خانہ
عالمِ خاک سے ہے دور نشیمن میرا

مثلِ سایہ ہوں ہر اک جا پہ حقیقی طالب
جس جگہ بھی ہوں بنِ خار ہے مسکن میرا

وائے افسوس تھکا اسپِ علوِ ہمّت
اُس سفر میں جہاں ہر گام ہے رہزن میرا

یہ حقیقت کہیں ڈر ہے نہ بن جائے سراب
پھر پراگندہ ہوا چہرہ روشن میرا

دیکھنے والے مجھے بھیگی ہوئی پلکوں سے
تشنہ دل آج بھی ہے چشمہ سوزن میرا

وقت کے ساتھ بدلتے ہی رہے وہ مونس
سیلِ گریہ میں بدستور ہے خرمن میرا

سلیم اختر صدیقی
(فنون)

ثقافتِ اسلامیہ؟

(جناب خلیفہ صلاح الدین احمد کی تصنیف "اسلامک کلچر" کے چند اقتباسات کا عکس)

(قسط دوم)

ایک مخالف حیرانگی کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہے کہ چونکہ کچھ جانور مثال کے طور پر کیڑے اور شہد کی مکھیاں سوشل زندگی کا ایک رستہ اختیار کئے ہوئے ہیں۔ جو کہ تعجب خیز طور پہ انسانی پالیسی کی عکاسی کرتا ہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ انسان بھی اسی طریقہ سے ایک بہتر کلچر حاصل کر سکتا ہے جو کہ علمِ حیات کے اُصول "Survival for the fittest" پر مبنی ہو۔ یعنی جو ماحول کا اور حالات کا مقابلہ کر سکتا ہے اُسے زندہ رہنے کا حق حاصل ہے۔ تو اس کا مطلب تو یہ بن جاتا ہے کہ طاقت ور اور اس کا کلچر دُنیا پہ غالب آجائیں اور کمزور اپنے نظریات کے ساتھ معدوم ہو جائیں۔ لیکن ہم اس بات کو نظر انداز کرتے ہیں کہ آیا یہ اصول عمومی طور پر قابلِ عمل ہے بھی کہ نہیں لیکن یہ ایک تسلیم شدہ امر ہے کہ جانوروں کی اکثریت کمزور مخلوقات پر مشتمل ہے اور اس کے باوجود بھی وہ ترقی پذیر ہیں۔ اسلئے جانوروں کی حیات کا اصول مندرجہ بالا ـــــ علم الحیات کے اصول سے قطعاً مختلف ہونا ضروری ہے۔ اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ کیڑوں اور شہد کی مکھیوں کی زندگی کا دارومدار اُن کی سوشل اور زبردست طور پر تعاونی زندگی کا مظاہرہ ہے اور جس کے برعکس سوشل زندگی کی عدم موجودگی میں انسانی زندگی بہت مشکل نظر آتی ہے لیکن اس امر میں آزاد ہے کہ وہ زندگی کا کوئی راستہ اختیار کرے جو کہ اس کے واسطے نقصان دہ ہو یا منافع بخش۔ اور یہ بات تجربات اور مطالعہ سے پایۂ تکمیل کو پہنچا دی ہے کہ جانور اپنی سوچ بچار سے اپنے جادۂ حیات سے منحرف نہیں ہو سکتے ہیں جیسا کہ انسان ہو سکتا ہے۔ لیکن اس امر سے بھی کسی کو انکار نہیں ہے کہ جانوروں میں بھی احساس کا مادہ ہوتا ہے لیکن یہ الگ بات ہے۔ کہ اُن کی حرکات ایک محدود حلقہ میں گھر کے رہ جاتی ہیں۔

لیکن یہ بات قرآن مجید میں بیان کر دی گئی ہے کہ انسان کو مجبور نہیں کیا گیا ہے کہ وہ فلاں مخصوص راہ پر چلے۔ بلکہ اُسے آزادی دی گئی ہے کہ وہ اپنی عقل و فہم کو کام میں لا کر خدا تعالےٰ کے بتائے ہوئے قانون سے غلط یا صحیح کسی راہ کو اپنے لئے چُن لے۔ خدا تعالےٰ نے انسانی عقل میں نیک و بد کی تمیز رکھ دی ہے جو کہ اُسے دوسرے جانوروں سے ممتاز کرتی ہے۔ اسی لئے خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ "انسان کے لئے کچھ نہیں ہے مگر وہی کہ جس کے لئے وہ کوشش کرتا ہے۔" اور اس کے برعکس جانوروں کے متعلق خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ وہ وہی کچھ کرتے ہیں جو کچھ کہ اُن کے لئے مقرر کر دیا گیا ہے۔ دوسرے خدا تعالےٰ نے جانور ہمارے لئے نشان بنائے ہیں کہ جن کو دیکھ کر ہم کوئی راستہ اختیار کر لیں مجلسی یا غیر مجلسی، رحم یا ظلم کا، زاہدانہ یا شیطانی راہِ عمل اختیار کرنے میں آزادی صرف انسان کو دی گئی ہے اور ان کے واسطے ہر موقع میسر ہے۔ چاہے وہ خدا تعالےٰ کی خوشنودی حاصل کر لیں چاہے ۔۔۔۔۔؟

کلچر کے مسئلہ کے متعلق کسی اور ارتقائی غلط فہمی کو دُور کرنے

کے لئے ذیل میں سر ایلیٹ سمتھ کے الفاظ درج کرتا ہوں :۔

"اگرچہ ارتقاء کا لفظ فلسفہ اخلاق میں بہت مدت سے مستعمل ہے۔ لیکن وہ خیال کہ جس کے لئے یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے غیر خوش کن طور پر بہت ہی پرانا ہے۔ اور اگر ہم تحقیق کریں تو یہ لفظ ہمیں ۱۸ صدی سے استعمال میں نظر آتا ہے۔ لیکن جب اس خیال نے ارتقاء کا اشتہار اپنے اوپر چسپاں کر لیا۔ تب سے یہ لفظ ایک خوشنما محاورہ بن کے رہ گیا۔ اور تنقید کی صعوبت سے بھی مبرا ہو گیا اور کلچر میں آنا د ترقی کا خیال آہستہ آہستہ ایک مستقل اصول بن گیا۔

. . . . اس لئے یہ امر خطرناک ہے کہ ہم علم الحیات کے لفظ ارتقاء کو کلچرل تاریخ میں استعمال کریں یا اُن حالات کے لئے استعمال کریں جو کہ بنیادی طور پر ہی مختلف واقع ہوئے ہیں جیسے کہ موجودہ دور کے صاحب علم اصحاب استعمال کر رہے ہیں۔" (ارتقاء علم جدید کی روشنی میں صفحہ ۲۲۹ - ۲۱۵)

یہ ایک الگ امر ہے کہ ایک شخص سائنس کے اصولوں کی اندھا دھند پیروی کریں۔ لیکن اس حقیقت کا اعتراف کرنا پڑے گا کہ نئے کلچر ز انقلابات کی مانند آزادانہ طور پر ترقی کرتے ہیں اور ارتقاء کی پیروی نہیں کرتے ہیں تاکہ انسانیت کو تباہی کے گڑھے سے بچایا جائے اور ان کے لئے ترقی کی نئی پُر امن راہیں کھول دی جائیں۔

موجودہ دور کا کلچر جسے ہم بیسویں صدی کی ایک ایسی تہذیب کہہ سکتے ہیں جو کہ مادیت کی جانب جھک گئی ہے اور اسی قسم کے دوسرے کلچرز جو کہ اوّل الذکر کے نقش قدم پر چل رہے ہیں زندگی کے صرف ایک شعبہ سے متعلق ہیں لیکن دوسری تصویر جو کہ روحانی یا انسان کی نفسیاتی طرف کی تصویر کہلاتی ہے اس کو بالکل پس پردہ ڈال دیا گیا ہے۔ جس کے نتیجہ میں انسانی زندگی کی مادی تصویر نے اتنی ترقی کر لی ہے کہ زندگی کے دوسرے رُخ کی تصویر کو قطعاً فراموش کر دیا گیا ہے اور اس کے بالمقابل اسلام بالکل مختلف نظریہ پیش کرتا ہے کہ جس میں زندگی کی دونوں تصاویر کو مدنظر رکھا گیا ہے اور جیسا کہ ہمیں دُعا سکھلائی گئی ہے کہ اے خدا ہمیں اس دُنیا میں بھی خوشحالی اور آئندہ آنے والے دور میں بھی خوشحالی عطا فرما۔

یہ ایک ناانصافی ہو گی کہ اگر ہم یہ کہیں کہ اسلامی کلچر بطور مذہبی نظام مادی ترقی کے لئے ہمیں سہولتیں اور ہدایات بہم نہیں پہنچاتا ہے بلکہ اسلام نے تو کھلے طور پر کہہ دیا ہے کہ جو کچھ اس دُنیا میں ہے وہ سب کچھ تمہاری بھلائی کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ نہ صرف یہی کچھ ہے بلکہ حکم دیتا ہے۔ کہ ہم اس سے فائدہ اٹھائیں۔ یہی وجہ ہے کہ ظہورِ اسلام کے ساتھ صدیوں کے مدفون خزائن جو کہ فلسفہ اور سائنس کے تھے انہیں باہر نکالا گیا اور مقابلۃً ایک تھوڑے سے عرصہ میں اُن میں کمال پیدا کیا گیا اور سائنس کی تعلیمات کو ایک مذہبی فریضہ کے طور پر حاصل کرنے کا حکم دیا گیا۔ لیکن بعد میں لوگوں کی بداعمالیوں کی وجہ سے مذہبی تعلیمات کو پس پُشت ڈالا گیا اور دوسری چیزوں کی طرف بھی کم توجہ دی گئی۔ اس سے صاف مطلب یہی نکلتا ہے کہ مسلم سوسائٹی اس وقت تک قطعاً ترقی نہیں کر سکتی ہے۔ جب تک کہ اسلام کا دوبارہ احیاء نہ ہو۔ (باقی)

وہ آنکھ کہ ہے سرمۂ افرنگ سے روشن
پُرکار و سخن ساز ہے! نمناک نہیں ہے!
(اقبال)

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسا
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی!
(اقبال)

مہر اللہ یار
(فنون)

مرزا فرحت اللہ بیگ کا اسلوبِ بیان

دہلی بھی دُنیا کے اُن چند شہروں میں سے ایک ایسا شہر جس نے ہر زمانہ میں اپنے دامن سے ایسے خوبصورت اور قیمتی پھول برسائے جن کی خوشبو نہ صرف ہندوستان کی سرزمین کو معطّر کرتی رہی بلکہ سمندر پار کے ممالک بھی اس سے متاثر ہوئے۔

جس طرح سیاسی لحاظ سے دہلی ہندوستان کا دل قرار دیا جاتا ہے اسی طرح ادبی لحاظ سے اسے ادب کی تخلیق کا منبع بھی کہا جا سکتا ہے۔

جہاں اس نے غالبؔ جیسے عظیم شاعر اور آزادؔ جیسے انشا پرداز پیدا کئے وہاں مرزا فرحت اللہ بیگ جیسے اہلِ قلم حضرات بھی پیدا کر کے اُردو ادب کی بے حد خدمت کی۔

مرزا صاحب اُردو زبان کے بہت بڑے ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ اعلیٰ درجہ کے مزاح نگار بھی ہیں۔ آپ اُردو زبان کے واحد ادیب ہیں جن کے ہاں یہ دونوں رنگ مخصوص حالت میں نظر آتے ہیں۔ آپ نے اپنی تحریر میں پُرکشش زبان، چست الفاظ اور دلکش اندازِ بیان کے ساتھ ساتھ ہنسانے والے واقعات بھی لا کر عبارت میں ایسی روانی اور چٹکیاں پیدا کر دی ہیں کہ تعریف احاطہ تحریر سے باہر ہے اور پڑھنے والا ایسا محسوس کرتا ہے کہ سب کچھ اس کی آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے۔

آپ کی تحریر کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں جن سے آپ کی تحریر کی خوبیاں نمایاں ہو جاتی ہیں :۔

"یہ کون ہیں؟ کہ مرزا صاحب! آئیے آئیے مرزا صاحب! آپ کی تو شکل ہی نظر نہیں آتی۔ آئیے بیٹھئے مرزا صاحب کی شکل ملاحظہ فرمائیے۔

سات فٹ کا قد۔ سفید رنگ۔ کتابی چہرہ۔ ستواں ناک غلافی آنکھیں ان میں قدرتی لال ڈورے۔ چڑھی ہوئی داڑھی جس کا ایک ایک بال سرکارِ انگریزی کی فوج کی طرح اپنی اپنی جگہ اٹینشن (استادہ) ہاتھ میں رام پوری بانس کی چھڑی اور چاندی کی موٹھ نیچے لوہے کی شام۔ ہنستے ہوئے آئے اور نہایت متانت کے ساتھ ایک مونڈھے پر بیٹھ گئے۔"

اب آپ محسوس کریں گے کہ مرزا صاحب نے کس انداز سے اپنے دوست کی آؤ بھگت کی اور ان کے استقبال میں کیسے چست اور اچھوتے فقرات کہہ دیئے۔ اور ساتھ ہی اس مجلس میں آپ کو بھی شامل ہونے کی دعوت دی۔ اور آپ کے سامنے مرزا صاحب کی شکل کا ہو بہو نقشہ پیش کیا اور لطف یہ کہ بہت سادہ اور چھوٹے فقرات کو بھی لکھ کر عبارت کی روانی اور تسلسل کو برقرار رکھا۔ اور ساتھ ہی عبارت میں مزاحیہ رنگ بھی بھرتے گئے ہیں جس سے عبارت میں جا بجا شگفتگی اور تازگی پیدا ہو گئی ہے۔

آپ جب بھی کسی مصنف کی تحریر کو پڑھتے ہیں تو آپ اُس وقت تک اُس کی تحریر کے متعلق کوئی رائے قائم نہیں کر سکتے جب تک کہ سارا مضمون یا کہانی پڑھ نہ لی جائے۔ مگر آپ کے ایک ایک فقرہ میں وہ تمام خوبیاں یکجا نظر آتی ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے چند فقرات کے پڑھنے سے آپ کی تحریر کے سارے پہلو نمایاں ہو جاتے ہیں مگر دوسرے ادیب ساری تحریر ختم کرنے کے بعد بھی اس خوبی سے محروم ہی رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب آپ کی تحریر پڑھی جائے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا دلّی کا بہت بڑا زبان دان اپنی زبان میں گفتگو کر رہا ہے۔ مثلاً آپ لکھتے ہیں :۔

"تم بہت دنوں بعد ملے ہو۔ کہاں تھے ——
کیسے ہو —— والد صاحب تو بخیریت ہیں ——
اور لوگ کہاں ہیں ؟"

حقیقت میں یہی چیز ہے جس نے آپ کا مقام بہت بلند رکھا۔ کیونکہ آپ کی تحریر عوام کی زبان تھی اور لوگ اسے پسند کرنے لگے۔

جہاں آپ نے اپنی تحریر میں روانی، شائستگی اور سادگی کے رنگ کو جنم دے کر شہرت حاصل کی وہاں آپ کی تحریر نفسیاتی تجزیے سے بھی خالی نہیں۔ آپ زندگی کا فلسفہ بیان کرتے ہیں کہ:۔

"زندگی کے بس دو ہی پہلو ہیں۔ زندہ دلی اور مُردہ دلی۔ ایک وہ لوگ ہیں جو مصیبت میں بھی ہنستے ہیں۔ دوسرے وہ لوگ ہیں جو خوشی میں بھی روتے ہیں۔ ایک مرنے کو جینا سمجھتے ہیں دوسرے جینے کو مرنا۔ زندگی کے ان ہی دو پہلوؤں نے کبھی مذہب کی شکل اختیار کی اور کبھی فلسفے کے مکتبوں کی صورت۔

غرض دُنیا بھر کے انسانوں کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک رونی صورت اور دوسری ہنسی صورت۔ کوئی انشا بنا کوئی میر۔"

آپ کی ایک اور بڑی خوبی جو آپ کی تحریر کو زیادہ دلکش بناتی ہے وہ یہ ہے کہ آپ کی تحریر قافیہ بندی کے بکھیڑوں سے بھی خالی نہیں۔ مگر اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ آپ نے رجب علی بیگ سرور کی طرح ساری عبارت قافیہ پیمائی کی نظر کر کے مشکل بنا دی ہو۔ بلکہ آپ نے یہ رنگ محض عبارت میں چٹکیاں بھرنے کے لئے کہیں کہیں ظاہر کیا ہے۔ اگر آپ کا مقصد اہل زبان پر دھاک بٹھانا ہوتا تو شاید یہ مقام آپ کو نصیب نہ ہوتا۔ چنانچہ اس فرق کو نمایاں کرنے کے لئے سب سے پہلے میں سرور صاحب کی ہی تحریر کو پیش کرتا ہوں۔ آپ لکھنؤ کے پان کی تعریف کرتے ہیں:۔

"گھُنّی کا مُنہ کالا۔ ہوا گرد کر ڈالا۔ عبیر ہے نہ گال ہے۔ کتھے چونے سے آدھی میں مکھڑا لال ہے۔"

مگر مرزا صاحب نے جہاں کہیں اس قسم کا رنگ پیدا کیا ہے یا اپنی تحریر میں کہیں کہیں محاورات کا استعمال کیا ہے۔ تو بڑے سادے رنگ میں کیا ہے۔ جس سے پڑھنے والا کافی عبارت پڑھنے کے بعد جب تھکاوٹ محسوس کرتا ہے۔ تو اس قسم کی عبارت پڑھ کر پھر اس کا دماغ تر و تازہ ہو جاتا ہے۔ مثلاً آپ لکھتے ہیں:۔

سعیدہ:۔ "نانی اماں وہی دینا جس کے ہاں سے ہمارا اناج آتا ہے۔"

احمد:۔ "نانی اماں دنیا۔ پودینہ۔ باجرے کی روٹی ٹکا جینہ۔"

حمیدہ:۔ "نانی اماں! وہ کہاوت ہے دگلوس سے اگلا۔"

نانی:۔ "دگلوس سے اگلا۔ پہنو تو گرم بچھاؤ تو نرم باندھو تو بقچی کا بھرم۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ایسے الفاظ لکھنے سے عبارت مشکل نہیں ہوتی۔ بلکہ عبارت میں ایک اور خاص رنگ کا اضافہ ہو جاتا ہے جس کو مرزا صاحب نے اختیار کر کے اردو زبان کے بڑے بڑے ادیبوں کو مات کر دیا۔

غرض آپ کی تحریر میں وہ تمام خوبیاں مجموعی طور پر پائی جاتی ہیں جو دوسرے ادیبوں میں علیحدہ علیحدہ پائی جاتی ہیں۔ اسلئے پڑھنے والا ہر قسم کا اور اپنے مذاق کے مطابق لطف اٹھا سکتا ہے۔

اُس کے الفائے عہد تک نہ جیئے
عمر نے ہم سے بے وفائی کی!
(میر)

مجھے تو رشک آتا ہے غم جاناں کی ہستی پر
بدل لے کاش اپنی زندگی سے زندگی میری!
(جگر)

اختر وہاب طلعت
(ملتان)

سیاہ حلقے

نیلے گگن کے دامن میں کئی موتی ٹکے تھے ــــ بادلوں کے سفید سفید خوبصورت ٹکڑے دُور تک ۔ آسمان کی نیلاہٹوں میں آوارہ پرندوں کی طرح اڑ رہے تھے ــــ جگمگاتے ہوئے تارے رات بھر کی مسرتیں اور فرحتیں سمیٹ کر تھکن کی نیند سوتے جا رہے تھے ــــ رات کی سیاہ دیوی اپنی سیاہ زلفیں سمیٹ رہی تھی ــــ تاریکیوں کے دھندلکے بکھر کر اجالے کی بانہوں میں چُھپ رہے تھے ــــ غالباً سورج اپنی منزل پر کمربستہ ہونے کے لئے پر تول رہا ہوگا ــــ بولان میل آدھ گھنٹہ گزار کر روہڑی پہنچی تھی ــــ پشاور اور لاہور کے ڈبوں کو حسبِ معمول سائیڈ لگ پر لے لیا گیا تھا ــــ جنہیں کراچی سے آنے والی "خیبر میل" کے ساتھ لگنا تھا میل کی آمد میں دو گھنٹے رہتے تھے ــــ نیم تاریکی میں ریلوے سٹیشن پر بجلی قمقمے جا بجا نور کی کرنیں بکھیر رہے تھے ــــ الیاس اپنے کمپارٹمنٹ کو چھوڑ کر پانی کے چھوٹے ٹب کی منڈیر پر بیٹھ گیا ــــ آج وہ ڈیڑھ سال کے بعد کوئٹہ ایسی جگہ چھوڑ رہا تھا ــــ اس کی زندگی کی ندی طرح طرح متلاطم لہروں سے بھرپور تھی ــــ آئندہ زندگی کی راحتیں اور شادمانیاں ــــ وہ خوش تھا ــــ لیکن ؟ ــــ ماضی ! ــــ اور وہیں وہ اپنے مستقبل کا ماضی سے مقابلہ کرنے بیٹھ گیا ــــ سیمنٹ کے بنے ہوئے چبوترے پر بیٹھا وہ ماضی کے بحرِ بیکراں کی اتھاہ گہرائیوں میں غوطہ زن تھا ــــ آج وہ ماضی کی بے ترتیب کتاب کے ورق الٹ رہا تھا !

الیاس نے بمبئی کے ایک متوسط گھرانے میں جنم لیا ــــ بچپن ہی میں کافی شریر اور منچلا تھا ــــ پانچ سال کا ہوا تو اس نے گلی کوچوں کے آوارہ بچوں کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا شروع کر دیا ــ کبھی گھر نہ ٹکتا ۔ گھر سے چیزیں لے جا کر اپنے ساتھیوں میں بانٹ دیتا ــــ اگر کوئی دوست بغیر نیکر پہنے نظر آتا تو فوراً "وارڈ روب" میں گھس کر اپنی نئی نیکر نکالتا اور اسے پہنا آتا ــــ والدین سخت پریشان تھے ــــ مگر "اکلوتا بچہ" اس کا شیشے ایسا نازک دل نہ توڑ سکتے تھے ــــ باپ اسے "چور" کہا کرتا ــــ گھر والے ہمیشہ اسے لعن طعن کرتے ــــ اس کا معصوم دل بہت حساس تھا والدین کی ڈانٹ ڈپٹ کے بعد وہ باغیچے میں نکل آتا ۔ یہاں اسے کسی کنجِ تنہائی کی تلاش ہوتی ــــ گھنٹوں والدین کے اس رویّے پر آنسو بہاتا ــــ ایک دن باپ نے کسی بات پر پیٹا بھی ــــ پھر یہ سلسلہ چل نکلا اور آئے دن کی مصیبت سے نجات حاصل کرنے کے لئے وہ بالآخر کسی سے کچھ کہے بغیر گھر سے نکل بھاگا ــــ اسے جلد ہی ایک ایسی پارٹی سے واسطہ پڑا جو بچوں کو آلۂ کار بنا کر چوریاں کرواتی ــــ اور جیبیں کٹواتی تھی ــــ الیاس ان کے ہاتھ لگ گیا ــــ وہ اسے پنجاب کے بارونق شہر لاہور میں لے آئے ــــ کچھ دن بعد وہ ٹیم بھی قانون کی زد سے نہ بچ سکی ــــ اور الیاس کو پھر تنہا پھرنا پڑا ــــ اس اثنا میں وہ روزانہ ایک معمولی ہوٹل کے دوکاندار کو پانی بھر دیتا ــــ اس کے عوض سے دو تین آنے مل جاتے اور ہوٹل کے سامنے فٹ پاتھ پر بغیر کسی بچھونے کے رات گزر جاتی ــــ ایک رات وہ میٹھی نیند سویا ہوا تھا کہ ــــ ایک اجنبی کے پاؤں اس کے جسم سے ٹکرائے ــــ اجنبی کوئی سیٹھ معلوم ہوتا تھا ــــ الیاس کراہ رہا تھا ــــ سیٹھ نے ٹارچ کی روشنی میں جب ایک چھ سالہ بچے کو یوں بھٹکتے دیکھا

تو ہمدردی کے جذبات آنکھوں کے راستے اُمڈ آئے ــــ

"بیٹے! کون ہو؟" انہوں نے دریافت کی ــــ "بیٹے!" یہ لفظ سُنتے ہی اس کا گلہ رندھ گیا۔ آج اسے کتنی مدت کے بعد کسی نے بیٹا کہا تھا ــــ اس کا پراسرار دماغ بہت کچھ سوچ رہا تھا ــ اسے اپنے "ابا" یاد آگئے ــ جو اسے پیار سے "بیٹا الّی" اور غصے میں "ابے الو" کہا کرتے۔ اس کے آنسو نکل آئے۔ اس نے رقت آمیز آواز میں تمام واقعات سیٹھ صاحب کو سُنا دیئے ــــ سیٹھ کے ہاں کوئی اولاد نرینہ نہ تھی۔ اور یہ سب کچھ سُن کر ان کا دل پسیج گیا ــــ!

"بیٹا! تم میرے ساتھ چلوگے!" سیٹھ نے کہا اور بیٹی کو چمکارنے لگا "ننھی دیکھو یہ تمہارا ساتھی ہے۔ کتنا اچھا ہے یہ" اور وہ اسے ساتھ لئے گھر آگئے ــــ نوکر نے اسے نہلا دھلا کر اچھے اچھے کپڑے پہنائے ــــ ننھی مینا کی والدہ بھی اسے یوں اکیلا باپ کے پاس چھوڑ کر چل بسی تھیں!

وہ اس ماحول میں ایک گھر کا حقیقی فرد بن کر رہنے لگا ــ سیٹھ صاحب جنہیں وہ مینا کی طرح ڈیڈی کہنے لگا اسے بہت پیار کرتے ــــ اسکول جانے لگا ــــ رفتہ رفتہ ترقی کرنے لگا ــــ والدین کی یاد کچھ کچھ بھول چکی تھی ــــ اب اسے ایک مہربان کی شفقت کا سایہ میسر ہوا ــــ مینا اس سے کبھی نہ لڑتی

